
سبق:21

# محنت سونا سے بہتر ہے

ایک زمانے میں یورپ کے لوگ دوسرے ملک اس لئے جایا کرتے تھے تاکہ سونا حاصل کریں۔ یہی لالچ تھا کہ اسپین کے ایک شخص نے اپنے بڑے بھائی سے کہا کہ آپ بھی ہمارے ساتھ سفر پر چلیں جو دولت ہاتھ آئے گی اسے برابر تقسیم کرلیں گے۔ بڑا بھائی محنت کو ترجیح دیتا تھا۔ وہ بہت دوراندیش تھا۔ اس نے چھوٹے بھائی کو سمجھایا کہ بہت مشکل کام ہے۔ اس میں کامیابی کی امید کم ہے۔ لیکن چھوٹا بھائی اپنی ضد پر اڑا رہا۔ بڑے بھائی نے اس کا دل رکھنے کے لئے کہا کہ میں تمہارے ساتھ چلوں گا ضرور لیکن تمہاری دولت میں سے مجھے کچھ نہیں چاہئے۔ سفر کی تیاری شروع ہوئی۔



چھوٹا بھائی اپنے لالچی دوستوں کے ساتھ چلا۔ بڑا بھائی کاشتکاری کے تمام آلات اور مختلف غلہ اور سبزیوں کے بیج لے کر اپنے ملازمین کے ساتھ جہاز پر سوار ہوگیا۔ ان کا سفر بہت آسان رہا۔ وہ بخیر وعافیت اپنی منزل پر پہنچ گئے۔ بڑا بھائی کھیتی باڑی میں مصروف ہوگیا چھوٹے بھائی کو بڑے بھائی کا یہ کام بیوقوفی بھرا لگا۔ اس نے کہا کہ میں تو سونا حاصل کرنے آیا ہوں۔ وہ اپنے دوستوں کو لے کر اس طرف چلا جہاں سونا نکلتا تھا۔ اُسے اپنی عقلمندی پر ناز تھا۔ وہ اپنے ساتھیوں سے کہتا تھا کہ بڑے بھائی اناج اور سبزی ہی اگاتے رہیں گے اور میرے پاس اتنی دولت آجائے گی کہ کئی پشتوں کے لئے کافی ہوگی۔ اس کے ساتھیوں نے خوشی کے ساتھ اس کی بات کی تائید کی لیکن انہیں میں ایک بزرگ شخص ایسا بھی تھا جس نے اس کی بات پر حامی نہیں بھری۔ اس نے کہا میاں تمہارا بھائی ایسا نہیں ہے جیسا تم سمجھ رہے ہو۔ وہ بہت دوراندیش اور عقلمند ہے۔




چھوٹے بھائی کا قافلہ بہت مشکل سفر کرتا ہوا بالآخر ایک سونے کی کان تک پہنچ گیا۔ وہاں سونے کا ڈھیر تھا۔ ان کی خوشی کا ٹھکانہ نہ رہا جو غلہ وہ اپنے ساتھ لائے تھے وہ رفتہ رفتہ ختم ہوگیا۔ اس کی جگہ ڈھیر سارا سونا ہاتھ آیا۔ وہ لوگ سونا لے کر بندرگاہ کی طرف بڑھنا چاہتے تھے لیکن بھوک اور پیاس سے ان کی حالت غیر ہوچکی تھی۔ کئی لوگ راستے میں مر گئے۔ جب یہ حالت اور بدتر ہوتی چلی گئی تو چھوٹا بھائی بڑے بھائی کے پاس پہنچا۔ اور کہا کہ کئی روز کے فاقوں

سے ہماری حالت بہت خراب ہو چکی ہے۔ ہمارے ساتھی بھوک سے مر رہے ہیں۔ آپ کے پاس کھانے پینے کے بہت سے سامان ہیں۔ آپ ہماری مدد کیجئے۔

بڑے بھائی نے بہت سا سونا حاصل کرنے کے لئے انہیں مبارکباد دی لیکن کھانے کا سوال سن کر ایسا روکھا جواب دیا کہ اس کے بھائی کو بہت برا لگا۔ اس نے کہا جب تمہاری دولت سے مجھے کوئی مطلب نہیں ہے تو پھر میرے کھانے پینے کے سامان سے بھی تمہیں کوئی مطلب نہیں ہونا چاہئے۔ جو غلہ اور سبزیاں میں نے اپنی قوت بازو سے پیدا کیا ہے وہ تمہیں مفت کیوں دے دوں۔ اگر تم کو بہت ہی ضروری ہے تو سونا دو اور کھانا لو۔ بڑے بھائی کی اس بے رخی اور بے مروتی کی بات پر چھوٹے بھائی اور اس کے ساتھیوں کو بہت غصہ آیا۔ لیکن بھوک سے حال بے حال تھا۔ مجبور ہو کر انہوں نے سونا کی ایک ٹوکری دی اور اس سے کھانا حاصل کر کے جان بچائی۔ اس طرح وہ روز سونے کے بدلے کھانا حاصل کرتے رہے۔ یہاں تک کہ ان کا سارا حاصل کیا ہوا سونا کھانا حاصل کرنے میں خرچ ہو گیا۔

جب بڑے بھائی کو معلوم ہوا کہ ان کے پاس کچھ بھی نہیں بچا تو یہ کہا کہ موسم اچھا ہے اس لئے بہتر ہے کہ یہاں سے جہاز کا لنگر اٹھاؤ اور اپنے وطن پہنچ کر بال بچوں کی خیر وخبر لو۔ خدا جانے ان پر کیا گذری اور تمہارے انتظار میں ان بیچاروں کا کیا حال ہوا؟



چھوٹے بھائی نے بہت ہی ملول اور غمزدہ ہو کر جواب دیا جو کچھ ہم نے اپنی جان پھنسا کر حاصل کیا تھا سب آپ کو دے دیا۔ اب ہم گھر خالی ہاتھ جا کر کیا کریں گے۔ اپنے پرایوں کو کیا منہ دکھائیں گے۔ اور آپ جیسے بے مروت اور سنگ دل آدمی کے ساتھ جانے سے بہتر ہے کہ ہم یہیں اپنی جان دے دیں۔ یہ تکلیف اور مایوسی سے بھری بات سن کر بڑا بھائی اٹھا اور اُس نے سارا سونا لا کر چھوٹے بھائی اور اس کے ساتھیوں کے حوالے کر دیا اور کہا یہ دولت تم کو مبارک ہو۔ مجھے اس کی ہرگز ضرورت نہیں ہے۔ میں اپنی محنت پر یقین رکھتا ہوں۔ تم سے بے رخی اور بے مروتی کے ساتھ اس لئے پیش آیا کہ تم کو اپنی غلطی کا احساس ہو جائے۔ اور تم ہمیشہ یہ بات یاد رکھو کہ لالچ سے حاصل کی ہوئی دولت ہمیشہ نہیں رہتی۔ محنت اور مزدوری سے سب کچھ پایا جا سکتا ہے اس لئے میں کہتا ہوں کہ محنت سونا سے بہتر ہے۔ یہ بات سن کر چھوٹے بھائی کی آنکھیں بھر آئیں اس کو اپنی غلطی کا احساس ہوا۔ جب سارے لوگ خوشی خوشی اپنے وطن پہنچ گئے تو چھوٹے بھائی نے سونا کا آدھا حصہ بڑے بھائی کی خدمت میں پیش کیا۔ مگر بڑے بھائی نے اسے لینے سے انکار کر دیا۔ اور ایک بار پھر نصیحت کی کہ محنت سونا سے بہتر ہے۔

## مشکل الفاظ کے معنی

| لفظ | معنی |
|---|---|
| تقسیم | بانٹنا |
| ترجیح | اولیت |
| کاشتکاری | کھیتی باڑی |
| آلات | اوزار |
| عافیت | سکون |
| ملول | مایوس، دکھی |

| | |
|---|---|
| غمزدہ | دکھی، مایوس |
| سنگ | پتھر |
| بے مروتی | مروت سے خالی |
| دوراندیش | سمجھدار، عقلمند |
| بخیر | خیریت سے |
| مصروف | کام میں مشغول |

## آپ نے پڑھا اور جانا

یہ ایک سبق آموز کہانی ہے۔اس میں لالچ اور ہوس سے بچنے کی ہدایت کی گئی ہے۔محنت اور جانفشانی کو ترقی کی اصل پونجی بتایا گیا ہے۔اس کہانی میں لالچی ذہنیت کے ساتھ ساتھ دوراندیشی اور ناعاقبت اندیشی کا بھی درس پنہاں ہے۔اس کہانی کے دومرکزی کردار دوالگ سوچ کے حامل ہیں۔ایک کراد معمولی محنت اور کوشش سے دولت وثروت حاصل کرنا چاہتا ہے۔جبکہ دوسرا کردار محنت کوسونے سے بہتر سمجھتا ہے۔ان دوکرداروں یعنی دو سگے بھائیوں میں سے دوسرا بھائی حق بجانب ثابت ہوتا ہے،اس کی محنت رنگ لاتی ہے جبکہ چھوٹے بھائی کا لالچ اسے اذیت اور ذلت تک پہنچادیتا ہے۔

1. درج ذیل سوالات کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں صحیح جواب چن کر لکھیں

(i) کس ملک کے شخص نے اپنے بڑے بھائی سے سفر پر ساتھ چلنے کو کہا؟

(الف) اسپین　　(ب) بگ بین

(ج) اٹلی　　(د) جرمنی

(ii) کون بھائی لالچی تھا؟

(الف) بڑا بھائی (ب) چھوٹا بھائی

(ج) منجھلا بھائی (د) سنجھلا بھائی

(iii) چھوٹا بھائی کیا حاصل کرنا چاہتا تھا؟

(الف) موتی (ب) سونا

(ج) چاندی (د) ہیرا

(iv) آنکھ کا تارا ہونا' کا معنی بتائیں

(الف) آوارہ ہونا (ب) راجکمار ہونا

(ج) بہت پیارا ہونا (د) ناکارا ہونا

(v) آپ کی نظر میں صِفت کون ہے؟

(الف) کھانا (ب) جانا

(ج) آنا (د) بہت

**2. انہیں پڑھیں اور جواب دیں**

(i) یورپ کے لوگ دوسرے ملک کیوں جایا کرتے تھے؟

(ii) بڑا بھائی کس کو ترجیح دیتا تھا اور کیوں؟

(iii) چھوٹا بھائی ضد پر کیوں اڑا رہا؟

(iv) اپنی عقلمندی پر کسے ناز تھا؟

(v) بزرگ شخص نے دوراندیش اور عقلمند کسے کہا ہے؟

(vi) بڑے بھائی کی بے رخی پر چھوٹے بھائی کو غصہ کیوں آیا؟

(vii) لالچ سے حاصل کی ہوئی دولت ہمیشہ کیوں نہیں رہتی؟

(viii) محنت سونا سے بہتر ہے کیسے؟

## 3. غور کیجئے اور بتایئے

(i) دولت کمانے کے لئے کونسی راہ اختیار کرنی چاہیے؟

(ii) محنت کی خوشی کا احساس آپ کو کبھی ہوا ہے؟ کب اور کیسے؟

## 4. دیئے گئے جملوں میں فعل حال تلاش کیجئے

جیسے: اختر پڑھ رہا ہے

(i) یورپ کے لوگ دوسرے ملک جایا کرتے تھے؟

(ii) چھوٹا بھائی ضد پر اڑا ہے

(iii) موسم سرد ہے

(iv) وہ پٹنہ جائے گی

(v) لڑکے پڑھ رہے ہیں

**.5 ذیل میں دی گئی کہاوتوں کے معنی بتائیں**

| | |
|---|---|
| (i) آم کے آم گٹھلیوں کے دام | |
| (ii) آیا رمضان بھاگا شیطان | |
| (iii) اپنی اپنی ڈفلی اپنا اپنا راگ | |
| (iv) الٹا چور کوتوال کو ڈانٹے | |
| (v) اونٹ کے منہ میں زیرہ | |

**.6 مرکب کو مفرد لفظ میں بدلیں**

جیسے: دلفریب۔

| | دل | فریب |
|---|---|---|
| خوبصورت | | |
| خوشنما | | |
| دلدار | | |
| مالدار | | |
| ایماندار | | |

**.7 دیئے گئے اقتباس میں خالی جگہوں کو پر کریں**

ایک زمانے میں.............. کے لوگ دوسرے ملک اس لئے............ کرتے تھے تا کہ

حاصل کریں۔ یہی لالچ تھا کہ اسپین کے ایک شخص نے اپنے ............
سے کہا کہ آپ بھی ہمارے ساتھ ............ پر چلیں جو دولت ............ آئے گی
اُسے برابر تقسیم کرلیں گے ............ محنت کو ترجیح ............ تھا۔
وہ بہت ............ تھا۔ اس نے چھوٹے بھائی کو ............ کہ یہ بہت مشکل
............ ہے اس میں کامیابی کی ............ ہے۔ لیکن چھوٹا بھائی ............
اڑا رہا۔ بڑے بھائی نے اس کا ............ رکھنے کے لئے کہا کہ میں ............
ساتھ چلوں گا ضرور لیکن ............ دولت میں سے مجھے نہیں چاہئے۔

## .8 عملی سرگرمی

ایسی کہانیاں، قصے جن سے ظاہر ہو کہ لالچ کا انجام برا ہوتا ہے، آپ اپنے ہم مکتب، اساتذہ اور والدین سے معلوم کر کے کلاس میں سنائیں۔